PAPER CODE = 8022

بارہویں کلاس 12015

ولازمی، گروپ دوسرا

حصہ معروضی

وقت=20 منٹ ، کل نمبر=20

ت : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں ۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجیے ۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

ں نمبر1 (الف) درست جواب کا انتخاب کیجیے ۵

فرائضی تحریک نے کس علاقے میں جنم لیا
(A) بنگال (B) اڑیسہ (C) بہار (D) دکن

نواب محسن الملک نے حیدر آباد میں.......... کا محکمہ قائم کیا
(A) فنانس (B) مال گزاری (C) بندوبست (D) بجٹ

زبیر قرطبہ کے قاضی کا کیا لگتا تھا؟
(A) ملازم (B) لے پالک (C) بھائی (D) بیٹا

اخبار" نئی دنیا " کا کولمبس کون تھا؟
(A) ظفر علی خان (B) شائق احمد عثمانی (C) چراغ حسن حسرت (D) حکیم غلام مصطفیٰ

اکبری نے تبرکات میں سے کون سی دو چیزیں پسند کیں؟
(A) ازار بند اور موتیوں کی لڑی (B) خاک شفا اور ناد علی (C) ناد علی اور سرمہ (D) سرمہ اور لونگیں

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب کی نشاندہی کیجیے ۵

وہ شراب خور ہی نہیں.......... بھنگ بھی پیتا ہے
(A) نیز (B) چونکہ (C) چنانچہ (D) بلکہ

زندگی کھیل اور تماشا..........
(A) ہوتی ہے (B) ہوتا ہے (C) ہوتے ہیں (D) ہوتی ہیں

عورتوں نے کہا ہم .......... ہیں
(A) آتا (B) آتے (C) آتی (D) آتیاں

..........وہ آتا تو میں جاتا
(A) چونکہ (B) تاکہ (C) مگر (D) اگر

نوائے وقت دلچسپی سے..........
(A) پڑھی جاتی ہے (B) پڑھا جاتا ہے (C) پڑھے جاتے ہیں (D) پڑھی جاتی ہیں

رموز اوقاف کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے ۵

مکمل ٹھہراؤ کی علامت ہے
(A) سکتہ (B) رابطہ (C) وقفہ (D) ختمہ

(:-) یہ علامت کون سی ہے
(A) ندائیہ (B) واوین (C) سکتہ (D) تفصیلیہ

ان میں سے سوالیہ کی علامت کون سی ہے
(A) ( - ) (B) ( ! ) (C) ( ؟ ) (D) ( ' )

حیرت اور خوشی کے اظہار کیلئے کون سی علامت استعمال ہوتی ہے
(A) فجائیہ (B) رابطہ (C) سکتہ (D) قوسین

کسی جملے یا پیرے کے اختتام پر کون سی علامت لگائی جاتی ہے
(A) سکتہ (B) رابطہ (C) ختمہ (D) وقفہ

مادر کے بطور امدادی فعل درست استعمال والے جملوں کا انتخاب کیجیے ۵

ڈالنا (A) کپڑے دھوپ میں ڈالو (B) اپنی تقدیر بدل ڈالو (C) وہ گائے کو چارہ ڈال رہا ہے (D) گھر میں شور مت ڈالو

کرنا (A) جو کرو دل سے کرو (B) کاش تم محنت کرتے (C) مخبری مت کرو (D) جلدی اٹھا کرو

بیٹھنا (A) میرا گلا بیٹھا ہوا ہے (B) آرام سے بیٹھو (C) میں گستاخی کر بیٹھا (D) دھوپ میں نہ بیٹھو

جانا (A) وہ کل چلا گیا

رول نمبر..................

(بارہویں کلاس 12015)

اردو لازمی ،گروپ پہلا

وقت=2 گھنٹے 40 منٹ

کل نمبر=80

حصہ انشائیہ

۲۔(الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے ۸+۱+۱=۱۰

تھا کبھی علم آدمی، دل آدمی، پیار آدمی آج کل زر آدمی، قصر آدمی، کار آدمی

کلبلاتی بستیاں، مشکل سے دو چار آدمی کتنا کم یاب آدمی ہے، کتنا بسیار آدمی

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے شاعر کا نام بھی لکھیے ۳+۳+۳+۱=۱۰

دنیا میں جب تلک کہ میں اندوہ گیں رہا غم دل سے اور دل سے میرے غم، قریں رہا

رونے سے کام بس کہ شب اے ہم نشیں رہا آنکھوں پہ کھینچتا میں ، سر آستیں رہا

نازک مزاج تھا میں بہت اس چمن کے بیچ جب تک رہا تو خندۂ گل سے حزیں رہا

۳۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک اقتباس کی تشریح کیجیے مصنف کا نام اور سبق کا نام بھی لکھیے ۱۰+۳+۱+۱=۱۵

(الف) بنو امیہ کے دفترِ اعمال میں سب سے زیادہ قوم کو برباد کرنے والا یہ واقعہ ہے کہ انھوں نے آزادی اور حق گوئی کا استیصال کر دیا تھا۔ عبدالمالک نے تخت پر بیٹھ کر حکم دیا تھا کہ کوئی شخص میری کسی بات پر روک ٹوک نہ کرنے پائے اور جو شخص ایسا کرے گا، سزا پائے گا، اگرچہ اس پر بھی آزادی پسند عرب کی زبانیں بند نہ ہوئیں تاہم بہت کچھ فرق آ گیا تھا۔ عمر بن عبدالعزیزؒ نے اس بدعت کو بالکل مٹا دیا۔ دو نہایت متدیّن اور راست باز شخص اس کام پر مقرر کیے کہ عدالت کے وقت ان کے پاس موجود رہیں اور ان سے جو غلطی سرزد ہو فوراً ٹوک دیں

(ب) میری بوڑھی زبان سے اللہ تعالیٰ کا عفو و رحم کئی بار بولا لیکن ہر بار اس نے سننے والے کانوں کو بہرہ پایا۔ پر اب کی بار میری التجا سن لیجیے یا مجھے ہمیشہ کیلئے خاموش کر دیجیے۔ میرے حضور! یہ وہ بدنصیب بول رہی ہے جس نے مجرم کی ماں کے اٹھ جانے کے بعد اپنی اولاد کی طرح اسے کلیجے سے لگایا۔ میرے حضور! خود آپ نے اسے مجھے دے ڈالا تھا۔ میں تھی جس نے اسے زندگی دی اور توانائی بخشی کہ وہ بڑھ کے مرد بن جائے۔

۴۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ اور مصنف کا نام لکھیے ۹+۱=۱۰

(i) محنت پسند خرومند (ii) قرطبہ کا قاضی

۵۔ نظم ”نعت“ کا خلاصہ لکھیے ۵

۶۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون تحریر کیجیے ۲۰

(i) محسنِ انسانیت ﷺ (ii) پاکستان ایک ایٹمی قوت (iii) تعلیم نسواں

PAPER CODE = 8021

بارہویں کلاس 12015

زمی ، گروپ پہلا | حصہ معروضی | وقت=20منٹ ، کل نمبر=20

: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C ، B ، A اور D دیئے گئے ہیں ۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے ۔ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

نمبر1(الف) درست جواب کا انتخاب کیجئے ۵

مسلمانوں کا نصب العین ہے (A)عزت (B) شہرت (C) اسلام (D) دولت

دستک میں نوجوان ڈاکٹر کا نام ہے (A)زیدی (B) برہان (C) ذیشان (D) آیان

موبائل ٹیلی فون کا دوسرا نام ہے (A)ہیڈ فون (B) کارفون (C) گراموفون (D) ایئرفون

حلاوہ زبیر کی ہے (A) خالہ (B) ممانی (C) چچی (D) دایہ

سرسید کے ساتھیوں میں سے تھے (A) اقبال (B) غالب (C) مولانا حالی (D) فیض

) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب کی نشاندہی کیجئے ۵

تبلیغی جماعت جا ............ (A) رہی ہے (B) رہے ہیں (C) رہی ہیں (D) رہیں ہیں

روزنامہ "خبریں" شائع ہو ............ (A) گیا ہے (B) گئی ہے (C) گئی ہیں (D) گئیں ہیں

میاں بیوی جا ............ (A) رہی ہے (B) رہا ہے (C) رہے ہیں (D) رہیں ہیں

اس کا مال ' اسباب ' جاگیر سب کچھ ............ (A) بک گئی (B) بک گئے (C) بک گیا (D) بک گئیں

اس نے ایک گھوڑا اور چار بکریاں ............ (A) خریدی (B) خریدے (C) خریدیں (D) خرید لیے

رموز اوقاف کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجئے ۵

کسی چیز کی تفصیل بیان کرتے وقت علامت استعمال کی جاتی ہے (A) وقفہ کی (B) سکتہ کی (C) قوسین کی (D) تفصیلیہ کی

مخففات کے بعد علامت استعمال کی جاتی ہے (A) سکتہ کی (B) وقفہ کی (C) ختمہ کی (D) ندائیہ کی

قوسین کی علامت ہے (A) " " (B) ؟ (C) ( ) (D) = -

رموز جمع ہے (A) رمز کی (B) موزے کی (C) مازو کی (D) ان میں سے کسی کی بھی نہیں

کسی کا قول لکھا جاتا ہے (A) قوسین میں (B) واوین میں (C) ندائیہ میں (D) فجائیہ میں

مصادر کے بطور امدادی فعل درست استعمال والے جملوں کا انتخاب کیجئے ۵

آنا (A) رات کو جلدی گھر آجاؤ (B) بچے کو سکول چھوڑ آؤ (C) بس پر کالج آؤ اور جاؤ (D) دوسروں کے کام آؤ

لینا (A) میں نے کتاب پڑھ لی ہے (B) اس نے یہ کتاب ادھار لی ہے (C) وہ اچھی خبر لایا ہے (D) اس نے صبح شام دوائی لی

دینا (A) بچہ رو دیا (B) اس نے مجھے خط دیا (C) خیرات دینا اچھی بات ہے (D) پڑھائی کو وقت دو

میں اپنا فرض ادا کر چکا ہوں ۔اس جملے میں "چکا" ہے

(A)اصل فعل (B) امدادی فعل (C) ناقص فعل (D) لازم فعل

جانا (A) تمھارا وہاں جانا نہ جانا برابر ہے (B) کرسی پر بیٹھ جاؤ (C) کھانا کھاؤ اور گھر جاؤ (D) وہ آج لاہور گیا

رول نمبر.......................

(بارھویں کلاس 12015)

اردو لازمی — وقت=2 گھنٹے 40 منٹ

گروپ دوسرا — کل نمبر=80

حصہ انشائیہ

۲۔(الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے — ۱۰=۱+۱+۸

بلائیں شاخِ گل کی لیں نسیم صبح گاہی نے — ہوئیں کلیاں شگفتہ روئے رنگین بتاں ہوکر

کیا پھولوں نے شبنم سے وضو صحن گلستان میں — صدائے نغمہ بلبل اٹھی بانگِ اذاں ہوکر

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے شاعر کا نام بھی لکھیے — ۱۰=۱+۳+۳+۳

کیا فرق داغ و گل میں کہ جس گل میں بو نہ ہو — کس کام کا وہ دل ہے کہ جس دل میں تو نہ ہو

ہووے نہ حول وقوت اگر تیری درمیاں — جو ہم سے ہوسکے ہے، سوہم سے کبھو نہ ہو

جو کچھ کہ ہم نے کی ہے تمنا، ملی مگر — یہ آرزو رہی ہے کہ کچھ آرزو نہ ہو

۳۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک اقتباس کی تشریح کیجیے مصنف کا نام اور سبق کا نام بھی لکھیے — ۱۵=۱+۱+۳+۱۰

(الف) جس زمانے میں نواب صاحب پیدا ہوئے اور ہوش سنبھالا، مسلمانوں میں مذہبی جذبہ بہت بڑھا ہوا تھا۔اس کے متعدد اسباب تھے۔ان میں سے شاید ایک یہ بھی تھا کہ انسان جب ہر طرف سے مایوس ہوجاتا ہے تو مذہب کی پناہ ڈھونڈتا ہے۔ مسلمان دولت و اقبال، جاہ وثروت، سب کچھ کھو چکے تھے، ایک مذہب رہ گیا تھا اس لیے یہ انہیں اور بھی عزیز ہوگیا۔ذراسی بدگمانی پر بھی ان کے جذبات بھڑک اٹھتے تھے،اس وقت شاید ہی کوئی ایسا مصنف یا ادیب ہو جس نے مذہب پر قلم فرسائی نہ کی ہو

(ب) ہم سب کی زندگیوں میں مرحوم کے گھل مل جانے کا راز یہ تھا کہ ان میں بظاہر کوئی بات غیر معمولی نہ تھی۔وہ غیر معمولی قابلیت کے آدمی نہ تھے، دولت مند نہ تھے، کچھ بہت ذہین بھی نہ تھے۔نہ انہیں توڑ جوڑ آتا تھا۔نہ خوش پوشاک نہ خوش گفتار، نہ خوش باش نہ رنگین ورعنا۔وہ معمولی آدمیوں سے بھی زیادہ معمولی تھے۔پھر بھی وہ ایسے تھے کہ اب ہم میں ویسا کوئی اور نہ اب ڈھونڈے سے بھی کوئی ایسا ملے

۴۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ اور مصنف کا نام لکھیے — ۱۰=۹+۱

(i) تشکیل پاکستان (ii) مولوی نذیر احمد دہلوی

۵۔ جوش ملیح آبادی کی نظم ''سراغ راہرو'' کا خلاصہ لکھیے — ۵

۶۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے — ۲۰

(i) شاعر مشرق (ii) ایک تفریحی سفر (iii) سائنس کے کرشمے

۷۔ اپنے چھوٹے بھائی کے نام خط لکھیے جس میں اسے ہم نصابی سرگرمیوں میں بھرپور شرکت کی ترغیب دیجیے — ۱۰